مسلم ممالک میں یہودی لابی مذہبی، سیاسی، علمی اور ثقافتی دائروں میں بُری طرح خلل انداز ہے مگر ہم بھولے مسلمان بادشاہوں" کا یہ حال ہے کہ وہ ع " انہی کے مطلب کی کہہ رہا ہوں ، دماغ میرا ہے بات اُن کی" ہمارے لوگوں نے خود ہی مذہب کے خلاف محاذ بنا رکھا ہے۔ خود ہی ادنیٰ سیاسی نزاعات پیدا کر رکھی ہیں۔ خود ہی درآمد کا بوجھ بڑھاتے ہیں اور عالمی قرضوں کے جالوں کے حلقے اپنے اوپر کستے جاتے ہیں۔ صہیونی اوّلین زور اسلامی محاذ کو تباہ کرنے پر صرف کرتے ہیں تاکہ مقابلہ کرنے والی اہم ترین فورس ختم ہو جائے، مگر یہاں حال یہ ہے کہ عبرت کی آنکھ کھلتی ہی نہیں۔

ROHINGYA MUSLIM مرسلہ محمد اقبال - پبلسٹی اینڈ انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ، روہنگیا سولیڈیریٹی آرگنائزیشن۔ اراکان۔ برما۔

اس وقت جن خطوں میں مسلمان انتہائی مظلوم اور پریشان حال ہیں۔ ان میں سے ایک برما ہے۔ اس انگریزی پمفلٹ میں بتایا گیا ہے کہ مسلمانوں کو نسل پرستوں اور اہل تفریق و تعصب کے مظالم کے تحت ارتداد قبول کرنا پڑتا ہے یا مکمل خاتمہ۔

چند مطبوعاتِ "ہمدرد" ماہنامہ پیامی، کراچی۔ مدیر اردو ایڈیشن حکیم محمد سعید صاحب۔ قیمت فی شمارہ ۱۰/ روپے سالانہ ۱۰۸/ روپے۔ پندرہ روزہ اخبار الطب کراچی۔ چندہ سالانہ ۴۲/ روپے۔ صدر مجلسِ ادارت حکیم محمد سعید صاحب ۔ بچوں کا ماہنامہ "نونہال" ستمبر کا خاص نمبر۔ قیمت فی شمارہ ۴/ روپے خاص نمبر ۷/ روپے ۔ چندہ سالانہ ۸۱/ روپے۔

حکیم محمد سعید صاحب نے جو چشمہ ہائے فیض جاری کر رکھے ہیں سالہا سال سے جانے لوگ کتنے خم و جام روز بھرتے ہیں۔ کاروبار بہت لوگ کرتے ہیں۔ مگر اس طرح سے خدمتِ ملت کی نئی نئی راہیں نکالنا "کارِ ہر دیوانہ نیست۔ بلکہ یہاں تو سرے سے دیوانے ہی ناپید ہیں۔ سب فرزانے ہی فرزانے ہیں۔

"پیامی" بین الاقوامی سطح کا رسالہ ہے۔ اصل تو یونیسکو کا (COURIER) ہے جس کے تراجم دنیا کی ۲۹ زبانوں میں شائع ہوتے ہیں۔ اس کا اردو ایڈیشن حکیم محمد سعید صاحب نے ۱۹۷۶ء میں نکالنا شروع کیا۔ اس میں سائنسی علوم اور ثقافتی موضوعات پر محققانہ طرز کے مقالات شائع ہوتے ہیں۔